E-mail: dailypublic.faisalabad@gmail.com...... 0333-4883972

Daily PUBLIC Faisalabad

MEMBER APNS — ABC Certified

فیصل آباد، کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت اشاعت پذیر

روزنامہ پبلک فیصل آباد

ایڈیٹرانچیف وسیم احمد

جلد 24 | اتوار 25 اکتوبر 2026ء / 12 جمادی الاول 1448ھ / قیمت 10 روپے | شمارہ 253

پاکستان میں کاروں کی فروخت میں مالی سال 27-2026 کی پہلی سہ ماہی میں سال بہ سال 43 فیصد اضافہ ہوا جس کی وجہ تجزیہ کاروں نے بہتر ہوتے میکرو اکنامک ماحول کو قرار دیا

چینی کار ساز کمپنی گیلی بذریعہ بیسٹ وے گروپ پاکستان میں داخل

3 نئی انرجی گاڑیاں متعارف

اب یہ ہول سیل، سیمنٹ، بینکنگ، قابل تجدید توانائی اور دیگر شعبوں میں 63,000 سے زائد افراد کو ملازمت دیتا ہے جس کی سالانہ آمدنی 7.9 بلین ڈالر ہے

کمپیکٹ الیکٹرک ہیچ بیک گیلی ای ایکس 2، الیکٹرک ایس یو وی گیلی ای ایکس 5، پلگ ان ہائبرڈ ایس یو وی گیلی سٹارے ای ایم آئی کی رونمائی

اسلام آباد (این این آئی) بیسٹ وے گروپ نے پاکستانی مارکیٹ میں چینی ادارے گیلی آٹو گروپ کو لانچ کرتے ہوئے 3 نئی انرجی گاڑیوں کمپیکٹ الیکٹرک ہیچ بیک گیلی ای ایکس 2، الیکٹرک ایس یو وی گیلی ای ایکس 5 اور پلگ ان ہائبرڈ ایس یو وی گیلی سٹارے ای ایم آئی کی رونمائی کر دی۔ لانچ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بیسٹ وے گروپ کے مینجنگ ڈائریکٹر عرفان محمد شیخ نے کہا کہ بیسٹ وے آٹو موٹیو پاکستان میں گیلی کی واحد مجاز ڈسٹری بیوٹر ہے۔ گروپ کے مطابق یہ لانچ ملک میں بیسٹ وے کی طویل مدتی سرمایہ کاری پورٹ فولیو کی اسٹریٹجک توسیع کے طور پر آٹو موٹیو سیکٹر میں اس کے داخلے کی نشاندہی کرتا ہے۔ نیو انرجی وہیکلز متبادل ایندھن والی گاڑیاں ہیں جو روایتی انٹرنل کمبسشن انجن کے بجائے بنیادی یا مکمل طور پر الیکٹرک پاور پر انحصار کرتی ہیں۔ کمپنی ابتدائی طور پر امپورٹڈ یونٹس کے ساتھ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 1)



اسلام آباد: نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ذبیح اللہ مجاہد کا پاکستان پر افغانوں کو طالبان کیخلاف استعمال کرنے کا الزام

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے افغانوں کو طالبان اور ان کے حامی دہشتگرد گروہوں سے لڑنے کے لیے مسلح کرنے پر ذبیح اللہ مجاہد کے بے بنیاد اور گمراہ کن الزامات کو یکسر مسترد کر دیا ہے۔ وزارت اطلاعات و نشریات کے مطابق ذبیح اللہ مجاہد کے بے بنیاد دعوے محض ذاتی ایجنڈے کا حصہ ہیں جس کا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 2)

پولیو وکسی نیشن سے انکار دراصل بچوں کے بہتر اور محفوظ مستقبل سے انکار ہے، پولیو سے مکمل نجات اور صحت مند معاشرے کیلئے والدین سمیت ہر فرد کا بھرپور تعاون نہایت ضروری ہے

وزیراعلیٰ کا پولیو کے 100 فیصد خاتمے کے عزم کا اعادہ

والدین 5 سال تک کے بچوں کو ہر مہم میں پولیو سے بچاؤ کے دو قطرے لازمی پلوائیں۔ رواں برس میں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے پنجاب سے ایک بھی پولیو کیس سامنے نہیں آیا

انسداد پولیو مہم کے ذریعے 13 حساس اضلاع میں 5 سال سے کم عمر ایک کروڑ سے زائد بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے گئے، خصوصی پیغام

لاہور (این این آئی) الحمدللہ پولیو سے پاک پنجاب، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پولیو کے عالمی دن پر اپنے خصوصی پیغام میں فرنٹ لائن پر کام کرنے والے پولیو ورکرز کو قوم کے ہیرو قرار دیا اور پولیو ورکرز کے جذبے اور خدمات کو سلام پیش کیا اور کہا کہ پنجاب سے پولیو کے 100 فیصد خاتمے کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اپنے خصوصی پیغام میں انسداد پولیو کے لئے پولیو ٹیم کے ساتھ والدین اور کمیونٹی سے تعاون کی اپیل کی ہے۔ پولیو ویکسی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 16)

سپیکر قومی اسمبلی کا عالمی امن، انصاف اور کثیر جہتی تعاون کے لیے عالمی عزم کی تجدید پر زور

اقوام متحدہ کے دن کے موقع پر عالمی برادری اختلافات اور مفادات سے بالاتر ہو کر مشترکہ ذمہ داری، یکجہتی اور تعاون کے جذبے کو اپنائے۔


پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول میں تیزی لانے اور موسمیاتی تبدیلی سے متاثرہ ممالک کی معاونت کے لیے عالمی تعاون کو مضبوط بنایا جائے،

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے اقوام متحدہ کے دن کے موقع پر اپنے پیغام میں عالمی امن، انصاف اور کثیر جہتی تعاون کے لیے عالمی عزم کی تجدید پر زور دیا ہے۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ سے ہفتہ کو جاری پیغام میں سردار ایاز صادق نے کہا کہ عالمی برادری اقوام متحدہ کے منشور کے اصولوں اور مقاصد سے اپنی وابستگی کی تجدید کرے، عالمی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مکالمہ، سفارت کاری، باہمی احترام اور اجتماعی اقدامات ناگزیر ہیں، مسلح تنازعات، انسانی بحرانوں، (باقی صفحہ اندرونی نمبر 3)

ایس آئی ایف سی کے تحت پاکستان میں کاروبار کے قواعد و ضوابط کی تشکیل نو

557 اصلاحات کی منظوری، کاروباری شعبے کو سالانہ 460 ارب روپے کی ممکنہ بچت

اسلام آباد (این این آئی) خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) آسان کاروبار اصلاحاتی پروگرام کے تحت کاروباری ضوابط کو سادہ بنانے، تعمیل کے اخراجات کم کرنے اور سرمایہ کاری و کاروباری سرگرمیوں کے لیے سازگار ماحول کی تشکیل کے سلسلے میں ملک گیر کوششوں کو مربوط کر رہی ہے۔ اس (باقی صفحہ اندرونی نمبر 15)



مظفرآباد: صدر آزاد جموں و کشمیر ڈاکٹر محمد طیب خان آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر کے 79 ویں یوم تاسیس کی مرکزی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ہارون اختر خان کی زیر صدارت برآمدات کے فروغ کی ٹاسک فورس کا اجلاس، صنعتی ترقی اور معاشی بحالی کے اقدامات پر غور

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان کی زیر صدارت برآمدات اور صنعتی ترقی کے فروغ کے لیے قائم ٹاسک فورس کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں برآمدات میں اضافے، صنعتی سرگرمیوں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 4)



لاہور: کمشنر لاہور ڈویژن نعمان یوسف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پنشن ملازم کا قانونی و آئینی حق ہے، خیرات نہیں، اسلام آباد ہائیکورٹ

وزارت خزانہ اور متعلقہ حکام کو نوید اللہ کی پنشن اور مراعات فوری جاری کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے قومی بچت مرکز میں تعینات افسر نوید اللہ کو ریٹائرمنٹ پر پنشن اور دیگر مراعات ادا کرنے کا حکم دیدیا۔ جسٹس شاہ رخ ارجمند نے تحریری فیصلہ جاری کرتے ہوئے وزارت خزانہ اور متعلقہ حکام کو نوید اللہ کی پنشن اور مراعات فوری جاری کرنے کی ہدایت کی۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 14)

وزیراعلیٰ پنجاب جیل ریفارمز ایجنڈے پر عملدرآمد

چیئرمین ٹاسک فورس کی زیر صدارت اجلاس میں پریزن ریفارمز ایجنڈا، جیلوں میں صحت، تعلیم، فلاحی سہولیات، اور نئی جیلوں کی تعمیر پر پیشرفت کا جائزہ

"وزیراعلیٰ پنجاب پریزنرز ہیلتھ پروگرام" کے تحت جنوری سے اکتوبر تک 132,787 اسیران کی ہیلتھ سکریننگ مکمل

لاہور (این این آئی) محکمہ داخلہ پنجاب میں وزیراعلیٰ پنجاب ٹاسک فورس برائے جیل خانہ جات کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ چیئرمین ٹاسک فورس رانا منان خان نے اجلاس کی صدارت کی جبکہ سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے اجلاس میں خصوصی شرکت کی۔ اجلاس کے دوران وزیراعلیٰ پنجاب پریزن ریفارمز ایجنڈے پر پیشرفت کا جائزہ لیا گیا اور تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ "وزیراعلیٰ پنجاب پریزن ہیلتھ پروگرام" کے تحت ہر قیدی کی جیل آمد پر میڈیکل (باقی صفحہ اندرونی نمبر 5)



لاہور: چیئرمین ٹاسک فورس رانا منان خان وزیراعلیٰ پنجاب ٹاسک فورس برائے پریزن کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان ریلویز میں 31 دسمبر تک ہنگامی حالت نافذ، فیلڈ افسران کی چھٹیاں منسوخ

سیفٹی بیڈ سے بھی روزانہ رپورٹ طلب کر لی گئی ہے تاکہ ٹرین آپریشن کے حفاظتی انتظامات کی مسلسل نگرانی اور کسی بھی ممکنہ کوتاہی کی بروقت نشاندہی یقینی بنائی جا سکے

ریلوے افسران فیلڈ میں اپنی موجودگی یقینی بنائیں اور ٹرین آپریشن کی نگرانی میں کسی قسم کی غفلت نہ برتیں، وفاقی وزیر ریلوے

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کی ہدایت پر پاکستان ریلویز میں ٹرین آپریشن کو محفوظ بنانے اور حفاظتی انتظامات مزید موثر کرنے کیلئے 31 دسمبر تک ہنگامی حالت نافذ کر دی گئی ہے جس کے تحت فیلڈ افسران کی تمام چھٹیاں تین ماہ کے لیے منسوخ کر دی گئی ہیں جبکہ افسران کو اتوار کو بھی فیلڈ میں جا کر ٹرین آپریشن کی نگرانی کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ پاکستان ریلویز ہیڈ کوارٹرز لاہور سے جاری ہدایات کے مطابق ریلوے افسران کے سرکاری امور کے سلسلے میں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 17)

دیامر بھاشا ڈیم پروجیکٹ کا ہائیڈرو مکینیکل کنٹریکٹ چینی کمپنی کو دے دیا گیا

دیامر بھاشا ڈیم چلاس سے 40 کلومیٹر جنوب میں دریائے سندھ پر تعمیر کیا جا رہا ہے،

اسلام آباد (این این آئی) دیامر بھاشا ڈیم پروجیکٹ کا ہائیڈرو مکینیکل کنٹریکٹ چینی کمپنی کو دے دیا گیا۔ واپڈا کے ترجمان کے مطابق دیامر بھاشا ڈیم پروجیکٹ کا ہائیڈرو مکینیکل (ایچ ایم ون) کنٹریکٹ چینی کمپنی پاور چائنا اور آئیکان کے جوائنٹ وینچر کو دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایچ ایم ون کنٹریکٹ 133 ارب (باقی صفحہ اندرونی نمبر 13)

خیبرپختونخوا کی آڈٹ رپورٹ میں 18 ارب 46 کروڑ روپے کی مالی بے ضابطگیوں کا انکشاف

خیبرپختونخوا میں ناقص منصوبہ بندی اور کمزور انتظامی امور کے باعث قومی خزانے کو بھاری نقصان پہنچا

اسلام آباد (این این آئی) آڈٹ رپورٹ 25-2024 میں انکشاف کیا گیا ہے کہ صوبے میں مالی سال 25-2024 کے دوران خیبر پختونخوا اکنامک زونز ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی میں 18 ارب 46 کروڑ روپے کی مالی بے ضابطگیاں سامنے آئی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق خیبر پختونخوا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 12)

نارکوٹکس قانون میں تبدیلی اور نئی عدالتوں کا قیام، تمام مقدمات نئی عدالتوں میں منتقل کر دیے گئے

کراچی (این این آئی) نارکوٹکس قانون میں تبدیلی اور نئی عدالتوں کا قیام، سندھ کنٹرول نارکوٹکس ایکٹ کے تمام مقدمات نئی عدالتوں میں منتقل کر دیے گئے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈرگ ڈیلر امول عرف پنکی کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 18)



لاہور: سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پنجاب کی جیلوں میں قید ہزاروں اسیران اور ان کے اہل خانہ کے لیے بڑی سہولت کا اعلان

قیدیوں کے اکاؤنٹس میں رقم جمع کروانے کی حد 10 ہزار سے بڑھا کر 25 ہزار روپے کر دی گئی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے صوبے بھر کی جیلوں میں قید اسیران اور ان کے اہل خانہ کیلئے مالی سہولیات میں اضافے کا فیصلہ کر لیا۔ محکمہ جیل خانہ جات پنجاب اور بینک آف پنجاب کے اشتراک سے قیدیوں کے اکاؤنٹس میں رقم جمع کروانے کی حد 10 ہزار روپے سے بڑھا کر 25 ہزار روپے کر دی گئی ہے۔

پاک کینیڈا دو طرفہ سرمایہ کاری معاہدے پر مذاکرات کا تیسرا دور اختتام پذیر

مذاکرات کے تیسرے دور کا اختتام دونوں ممالک کے درمیان دو طرفہ سرمایہ کاری معاہدے کو آگے بڑھانے اور طویل المدتی سرمایہ کاری شراکت داری کے فروغ کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتا ہے

مذاکرات کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعلقات کو مزید مضبوط بنانا اور باہمی سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے سازگار ماحول فراہم کرنا ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور کینیڈا کے درمیان دو طرفہ سرمایہ کاری معاہدے پر مذاکرات کا تیسرا دور اسلام آباد میں اختتام پذیر ہو گیا، مذاکرات کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعلقات کو مزید مضبوط بنانا اور باہمی سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنا ہے۔ اختتامی تقریب میں وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ اور پاکستان میں کینیڈا کے ہائی کمشنر طارق علی خان نے شرکت کی۔ اس موقع پر دونوں رہنماؤں نے مذاکرات (باقی صفحہ اندرونی نمبر 6)

اسکول وین دریائے نیلم میں جا گری، 3 بھائیوں سمیت 4 بچے جاں بحق، چار زخمی

گاڑی میں سوار تمام افراد کا تعلق ایک ہی خاندان سے تھا، جاں بحق افراد میں تین سگے بھائی بھی شامل

وادی نیلم (این این آئی) اسکول جانے والی گاڑی کے دریائے نیلم میں گرنے کے واقعہ میں 4 بچے جاں بحق اور چار زخمی ہو گئے۔ وادی نیلم کے علاقے تگدر گھوڑے نکہ کے قریب اسکول جانے والی گاڑی بے قابو ہو کر دریائے نیلم میں جا گری، جس کے نتیجے میں 4 معصوم بچے موقع پر ہی دم توڑ گئے۔ حادثے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 11)

عدالتی احکامات پر عملدرآمد نہ کرنے پر ڈی پی او بھکر کے قابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری

درخواست گزار کی جانب سے درخواست واپس لینے کی استدعا کے باوجود عدالت نے شوکاز نوٹس برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا

سماعت کے دوران پنجاب حکومت کی جانب سے اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل شاہ نواب چیمہ پیش ہوئے۔ کیس کی آئندہ سماعت 26 اکتوبر کو لاہور ہائیکورٹ میں ہوگی۔

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے عدالتی احکامات پر عملدرآمد نہ کرنے اور ہدایت کے باوجود پیش نہ ہونے پر ڈی پی او بھکر شہزاد رفیق کے 50 ہزار روپے کے قابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے۔ عدالت نے ڈی پی او بھکر کو 26 اکتوبر کو جواب سمیت طلب کر لیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس سردار اکبر علی ڈوگر نے ایڈیشنل ڈائریکٹر اکیڈمی جنس اینڈ انویسٹی گیشن، کنسٹری کی درخواست پر تحریری حکم جاری کیا۔ عدالت نے ڈی پی او بھکر کی عدم پیشی پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 19)

پشاور، دوستی سے انکار پر قتل کیس میں بری ملزم کی بریت کا فیصلہ کالعدم، عمر قید کی سزا سنادی گئی

پشاور (این این آئی) پشاور ہائیکورٹ میں دوستی سے انکار پر قتل کے ایک مقدمے سے بری ہونے والے ملزم کی بریت کے خلاف اپیل پر جسٹس صاحبزادہ اسد اللہ نے تفصیلی فیصلہ جاری کرتے ہوئے ملزم کو عمر قید کی سزا سنا دی گئی جس کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 7)



مظفرآباد: صدر آزاد جموں و کشمیر ڈاکٹر محمد طیب خان آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر کے 79 ویں یوم تاسیس کی مرکزی تقریب میں پریڈ کا معائنہ کر رہے ہیں



اسلام آباد: وائس چیئرمین اوورسیز کمیشن پنجاب بیرسٹر امجد ملک وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری کو پھولوں کا گلدستہ پیش کر رہے ہیں

انویسٹمنٹ کے نام پر 15 ارب سے زائد کا فراڈ، عدالت نے ڈی جی نیب طلب کر لیا

کراچی (این این آئی) انویسٹمنٹ کے نام پر 15 ارب سے زائد کے فراڈ سے متعلق کیس میں عدالت نے ڈی جی نیب طلب کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق سندھ ہائیکورٹ کے آئینی بینچ نے سرمایہ کاری کے نام پر ایک (باقی صفحہ اندرونی نمبر 21)

اداکار ساجد حسن کے بیٹے ساحر حسن کیخلاف منشیات کیس اینٹی نارکوٹکس کورٹ منتقل

ساحر حسن اور شریک ملزم ضمانت پر ہیں جو سماعت کے موقع پر عدالت میں پیش ہوئے

گزشتہ سماعت پر عدالت نے تفتیشی افسر اور گواہوں کے قابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کیے تھے

کراچی (این این آئی) اداکار ساجد حسن کے بیٹے ساحر حسن کیخلاف منشیات کیس میں اہم پیشرفت سامنے آ گئی، ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج ساؤتھ کی عدالت نے اداکار ساجد حسن کے بیٹے ساحر حسن اور ان کے ساتھی ملزم کیخلاف منشیات فروشی کا کیس اینٹی نارکوٹکس کورٹ منتقل کر دیا۔ گزشتہ سماعت پر عدالت نے تفتیشی افسر اور گواہوں کے قابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کیے تھے۔ ساحر حسن کو ڈیفنس سے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 20)

مشرقِ وسطیٰ میں کشیدگی، سردیوں میں ایل این جی سپلائی مزید سکڑنے کا خدشہ

گیس کی قلت کے باعث صنعتوں، بجلی گھروں، کھاد، سی این جی اور سیمنٹ کے شعبوں کو گیس کی فراہمی بند یا محدود کرنا پڑ سکتی ہے

دو ارب ڈالر کی ایل این جی درآمد کرنے کا فیصلہ التوا کا شکار، صنعتی و گھریلو صارفین کو گیس کی فراہمی متاثر ہونے اور بحران شدت اختیار کرنے کا خدشہ

کراچی (این این آئی) مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کے باعث سردیوں میں مائع قدرتی گیس (ایل این جی) کی سپلائی مزید محدود ہونے کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے، جبکہ حکومت عالمی منڈی سے مہنگے ایل این جی اسپاٹ کارگوز خریدنے سے گریزاں ہے۔ نومبر سے فروری تک ایل این جی کی درآمد پر تقریباً دو ارب ڈالر خرچ ہونے کا تخمینہ ہے۔ تاہم درآمدی منصوبہ تاحال منظوری کا منتظر ہے۔ ذرائع کے مطابق پیٹرولیم ڈویژن نے سردیوں میں گیس کی ضروریات پوری کرنے کے لیے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 8)

قتل کیس میں ملزم کی قبل از وقت رہائی اور معافی سے متعلق کیس کا فیصلہ، رہائی قانون کے خلاف قرار

عدالت نے ملزم کو دوبارہ حراست میں لینے کا حکم جاری کر دیا، پولیس نے ملزم کو دوبارہ حراست میں لیکر جیل منتقل کر دیا

پشاور (این این آئی) سپریم کورٹ پشاور (فیلٹ جوڈیشل رجسٹریشن) میں قتل کیس میں نامزد ملزم کی قبل از وقت رہائی اور معافی سے متعلق کیس کا سپریم کورٹ کے تین رکنی بنچ نے مختصر حکم نامہ جاری کر دیا جس میں رہائی قانون کے خلاف قرار دیدیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق عدالت نے اپیل کنندہ کی رہائی قانون کے خلاف قرار دیا ہے۔

ڈی پی او سرگودھا کی کوٹ مومن میں کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل حل کرنے کے احکامات

سرگودھا (این این آئی) ڈی پی او تو قیر محمد نعیم نے کہا ہے کہ شہریوں کو انصاف کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 9)

راولپنڈی، ڈمپر نے موٹر سائیکل سوار فیملی کو کچل دیا، میاں بیوی اور بچہ جاں بحق

ایک ہی خاندان کے تین افراد کی موت سے گھر کی خوشیاں ماتم میں بدل گئیں

پولیس نے تینوں لاشیں ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیں، ڈمپر ڈرائیور موقع سے فرار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی چکری روڈ پر ڈمپر نے موٹر سائیکل سوار میاں، بیوی اور ان کے 3 سالہ بچے کو کچل دیا، تینوں موقع پر ہی دم توڑ گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق جاں بحق افراد میں 32 سالہ افضال احمد، ان کی 27 سالہ اہلیہ حاجرہ افضال اور 3 سالہ بیٹا ریحان احمد شامل ہیں۔ ایک ہی خاندان کے تین افراد کی موت سے گھر کی خوشیاں ماتم میں بدل گئیں۔ حادثہ تھانہ چونترہ کی حدود میں پیش آیا۔

مہنگے پیٹرول اور ڈیزل کے باوجود آئل ریفائنریز کے منافع میں 1184 فیصد تک اضافہ

اٹک ریفائنری کا خالص منافع 1.35 ارب سے بڑھ کر 18.65 ارب روپے ہو گیا

پانچ ریفائنریز کا عوامی ریلیف کے لیے 86.22 ارب روپے کا مالی بوجھ برداشت کرنے کا دعویٰ

کراچی (این این آئی) پاکستان میں ایک طرف عوام مہنگے پیٹرول اور ڈیزل سے متاثر ہیں تو دوسری جانب مقامی آئل ریفائنریز اور تیل و گیس کی تلاش کرنے والی کمپنیوں کے منافع میں گزشتہ سال کے مقابلے میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کو ارسال کردہ سہ ماہی مالیاتی نتائج کے مطابق اٹک ریفائنری کا خالص منافع جولائی سے ستمبر کے دوران 1.35 ارب (باقی صفحہ اندرونی نمبر 10)



سوات: انچارج موبائل ویٹرنری کلینک سوات ڈاکٹر انعام اللہ مویشی پال حضرات کو کرم کش ادویات کی افادیت اور درست استعمال کے بارے میں آگاہی دے رہے ہیں

بیرسٹر امجد ملک کی وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری سے ملاقات

دس ملین اوورسیز پاکستانی ہر سال پاکستان میں اٹھاون بلین ڈالر کی سرمایہ کاری کرتے ہیں، بیرسٹر امجد ملک

حکومت اوورسیز پاکستانیوں کیلئے پاسپورٹ اور نادرا کی سہولیات کو مزید بہتر کر رہی ہے، طلال چوہدری کی بات چیت

اسلام آباد (این این آئی) وائس چیئرمین اوورسیز کمیشن پنجاب بیرسٹر امجد ملک نے وزیر مملکت داخلہ سینیٹر طلال چوہدری سے اسلام آباد میں واقع ان کے پارلیمانی چیمبر میں خصوصی ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور زیر گفتگو (باقی صفحہ اندرونی نمبر 22)

Scanned with CamScanner

Daily PUBLIC Faisalabad

روزنامہ پبلک فیصل آباد

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

چیف ایڈیٹر و پبلشر وسیم احمد نے الرفیق افضالی پرنٹنگ پریس پاک گول مین پور بازار سے چھپوا کر بلاٹ نمبر 289-P بلاک A ستارہ کالونی کالج روڈ سمن آباد فیصل آباد سے شائع کیا

پولیو کے 100 فیصد خاتمے کے عزم کا اعادہ

الحمدللہ پولیو سے پاک پنجاب، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پولیو کے عالمی دن پر اپنے خصوصی پیغام میں فرنٹ لائن پر کام کرنے والے پولیو ورکرز کو قوم کے ہیرو قرار دیا اور پولیو ورکرز کے جذبے اور خدمات کو سلام پیش کیا اور کہا کہ پنجاب سے پولیو کے 100 فیصد خاتمے کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اپنے خصوصی پیغام میں انسداد پولیو کے لئے پولیو ٹیم کے ساتھ والدین اور کمیونٹی سے تعاون کی اپیل کی ہے۔ پولیو ویکسی نیشن سے انکار در اصل بچوں کے بہتر اور محفوظ مستقبل سے انکار ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پولیو سے مکمل نجات اور صحت مند معاشرے کے لیے والدین سمیت ہر فرد کا بھرپور تعاون نہایت ضروری ہے۔ انسداد پولیو کے قطرے مکمل طور پر محفوظ، مؤثر اور بچوں کی زندگی اور صحت کے لیے انتہائی اہم ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اپیل کی کہ والدین 5 سال تک کے بچوں کو ہر ہم میں پولیو سے بچاؤ کے دو قطرے لازمی پلوائیں۔ رواں برس میں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے پنجاب سے ایک بھی پولیو کیس سامنے نہیں آیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب میں پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے صوبائی ایمرجنسی آپریشن سینٹر اور محکمہ صحت متحرک ہیں۔ انسداد پولیو مہم کے ذریعے 13 حساس اضلاع میں 5 سال سے کم عمر ایک کروڑ سے زائد بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے گئے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ لاہور سمیت پنجاب کے مختلف اضلاع میں باقاعدگی سے انسداد پولیو مہم کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ ملک بھر کیساتھ ساتھ پنجاب کے منتخب اضلاع میں 2 سے 8 نومبر 2026 تک ضلع وائز قومی انسداد پولیو مہم کی تیاری مکمل ہے۔ پولیو کا پھیلاؤ روکنے کے لیے صوبے بھر میں ماحولیاتی نمونوں کی مسلسل جانچ کی جاتی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ڈسٹرکٹ ہیلتھ مینجمنٹ ٹیمیں (ڈی ایچ ایم ٹی، ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن (ڈبلیو ایچ او) ہیومیٹ کی نمائندے اور انتظامیہ مہم کی خود نگرانی کرتی ہے۔ انسداد پولیو مہم کامیابی سے ہم کنار ہو رہی ہے مگر ہمہ سمت مستقل کاوشوں کے بغیر، پولیو خدانخواستہ پلٹ بھی سکتا ہے۔

خیبر پختونخوا کے معدنی وسائل، آڈٹ رپورٹ میں اربوں روپے کے نقصان اور بے ضابطگیوں کا انکشاف

اگر تحقیقات کے نتیجے میں ثابت ہو جاتے ہیں تو صوبائی خزانے کو پہنچنے والے نقصان، سرکاری نگرانی کے طریقہ کار اور متعلقہ حکام کی

تجزیہ بی این پی

ذمہ داریوں کا تعین ناگزیر ہوگا۔

تجزیہ بی این پی کے مطابق، قدرتی وسائل کے بھی صوبے کا کمیتی قوتی اظہار ہوتے ہیں۔ ان سے حاصل ہونے والی آمدن عوام کی تعلیم، صحت، بنیادی ڈھانچے اور دیگر ترقیاتی ضروریات پر خرچ کی جاسکتی ہے۔ چنانچہ معدنیات کی غیر قانونی کانکنی، رائلٹی کی عدم وصولی یا غیقانونی کاروائیوں کے نتیجے میں نقصانات کو محض انتظامی غفلت کے بجائے منظم نوعیت کی مالی بے ضابطگیوں کے تسلیم کیا گیا ہے۔ یہ اعداد و شمار صرف ایک سال کی نہیں بلکہ کئی برسوں کی مسلسل کوتاہیوں کی عکاسی کرتے ہیں۔ ان کا سامنے آنا اس بات کا ثبوت ہے کہ نگرانی کا موجودہ نظام یا تو مؤثر نہیں یا پھر اسے جان بوجھ کر کمزور رکھا گیا ہے۔ اس لیے اس رپورٹ کو محض کاغذی کارروائی نہیں بلکہ ایک سنجیدہ انتباہ سمجھا جانا چاہیے۔

آڈٹ رپورٹ میں ایک اور اہم معاملہ 31 کروڑ روپے کے واجبات کی وصولی نہ ہونا بتایا گیا ہے۔ سرکاری محاصل کے تحت واجب الادا رقوم کی بروقت وصولی کسی بھی مالیاتی نظام کی بنیادی ذمہ داری ہوتی ہے۔ اگر متعلقہ اداروں کو واجبات عائد ہوں اور متعلقہ محکمے ان کی وصولی کے لیے مؤثر اقدامات نہ کریں تو اس سے سرکاری خزانے کو مالی نقصان پہنچنے کے ساتھ ساتھ دیگر شعبوں اور کاروباری طلقوں کے لیے بھی غلط مثال قائم ہو سکتی ہے۔ اس معاملے میں بنیادی سوال یہ ہے کہ واجبات کی وصولی میں تاخیر کن وجوہات کی بنا پر ہوئی، متعلقہ افسران نے کیا اقدامات کیے اور کیا کسی مرحلے پر قانونی کارروائی بڑھانے کی سفارش کی گئی؟ یہ سوالات کے جواب حاصل کیے بغیر، محکمانہ غفلت کا تعین، وصولی کے پکارہ اور آڈٹ اعتراضات کی جانچ کے سامنے آسکتے ہیں۔ اگر تحقیقات میں واضح ہوا کہ متعلقہ افسران نے جائز استعمال کا دائرہ اختیار سے تجاوز کیا ہے تو قانونی کارروائی ناگزیر ہوگی۔

رپورٹ کے مطابق 2022ء اور 2023ء کے دوران خیبر قانونی کان کنی کے ذریعے تقریباً ارب روپے سے زائد کی ممیدہ لوٹ مار کی نشاندہی کی گئی۔ یہ رقم صوبے کے قدرتی وسائل کی نگرانی اور ان سے حاصل ہونے والی آمدن کے نظام میں سنگین کمزوریوں کی نشاندہی کرتی ہے۔ اگر معدنی ذخائر سے تجارتی پیمانے پر نکالی جانے والی معدنیات سے حاصل ہونے والی آمدن کا درست حساب نہ رکھا جائے اور اس کے مطابق سرکاری محصولات وصول نہیں کیے جائے تو اس سے خاہر ہوتا ہے کہ لائسنسنگ، پیداوار کی پیمائش، نقل و حمل کی نگرانی اور رائلٹی کے حساب کتاب کے نظام کا تفصیلی جائزہ لینے کی ضرورت ہے۔

تجزیہ بی این پی کے مطابق، غیر قانونی کان کنی کی روک تھام کے لیے محض قوانین، ضابطوں اور سرکاری احکامات کی موجودگی کافی نہیں ہوتی، بلکہ ان پر مؤثر عمل درآمد بھی ضروری ہے۔ معدنیات کے ذخائر کے رسائی، نگاہی کی اجازت، پیداوار کے ریکارڈ کی جانچ اور ذمہ دار فرجوں کا موثر محاسبہ کا نظام نہ ہونے کی صورت میں غیر قانونی سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے۔ اگر ان خامیوں کو دور نہ کیا گیا تو آئندہ برسوں میں بھی اربوں روپے کے نقصان کا خدشہ برقرار رہے گا۔

پاکستان کے آبی حقوق پر دوٹوک مؤقف، مالدیپ سے بڑھتے تعلقات نئی سفارتی پیش رفت

وزیراعظم شہباز شریف نے واضح کیا کہ بی پاکستان کے حصے کا پانی روکنے کی کوئی بھی کوشش ناقابل قبول ہوگی اور اسے جنگی اقدام سمجھا جائے گا۔ سندھ طاس معاہدے کی یکطرفہ معطلی کے بھارتی فیصلے پر پاکستان کا دوٹوک مؤقف قومی آبی حقوق کے تحفظ کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔ پانی پاکستان کی زراعت، غذائی تحفظ، توانائی اور معاشی استحکام کی بنیادی ضرورت ہے، اس لیے اس معاملے پر محض دوطرفہ تنازع کے بجائے بین الاقوامی معاہدوں کی پاسداری اور علاقائی امن و ہتیج تر تناظر میں دیکھنا ضروری ہے۔ وزیراعظم نے مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو کے دور ۲ پاکستان کے موقع پر یہ مؤقف پیش کرتے ہوئے دونوں ممالک کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم، صحت، دفاع اور ماحولیاتی تحفظ سمیت متعدد شعبوں میں تعاون بڑھانے کے عزم کا بھی اظہار کیا۔ تجزیہ بی این پی کے مطابق پاکستان اور مالدیپ کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی سالگرہ کا موقع پر ہونے والا یہ دورہ دونوں ممالک کے درمیان مشترکہ مفادات کو فروغ دینے کی اہمیت رکھتا ہے۔ مالدیپ سمندر کی سطح بلند ہونے کے سنگین خطرے سے دوچار ہے جبکہ پاکستان کو پانی کے بین الاقوامی قانون کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔

تجزیہ بی این پی کے مطابق مسلم ممالک کے لیے سب سے بڑا چیلنج یہ ہے کہ وہ اپنی سیاسی اور مسلکی اختلافات کو قومی و اجتماعی مفادات پر حاوی نہ ہونے دیں۔ اختلاف رائے ہر معاشرے اور ہر شعبے میں موجود ہوتا ہے، لیکن اسے دشمنی، محاذ آرائی یا مسلح تصادم میں تبدیل ہونے سے روکنا سیاسی بصیرت کا تقاضا ہے۔

اُمتِ مسلمہ اختلافات پر قابو پائے

پاکستان کے فیلڈ مارشل عاصم منیر کا ایران کا دورہ ایسے وقت میں غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے جب مشرق وسطیٰ جنگ، سفارتی کشیدگی اور علاقائی عدم استحکام کی لپیٹ میں ہے۔ امریکہ اور ایران کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی نے نہ صرف خلیج کے امن کو خطرے سے دوچار کیا ہے بلکہ عالمی معیشت، توانائی کی ترسیل اور بین الاقوامی تعلقات پر بھی گہرے اثرات مرتب کیے ہیں۔ ایسے حالات میں پاکستان کی جانب سے ثالثی، سفارت کاری اور علاقی کے ذریعے کشیدگی کم کرنے کی کوشش ایک ذمہ دارانہ اور مثبت پیش رفت ہے۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر کے ہمراہ وزیر داخلہ محسن نقوی کی تہران آمد اور ایرانی قیادت سے ملاقاتیں اس امر کی عکاسی کرتی ہیں کہ پاکستان خطے میں امن کے قیام اور باہمی روابط کے فروغ کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کے لیے پُرعزم ہے۔

تہران میں ایرانی صدر مسعود پزشکیان، وزیر خارجہ عباس عراقچی اور پارلیمان کے اسپیکر محمد باقر قالیباف سمیت اہم حکام سے ملاقاتوں میں دوطرفہ تعلقات، باہمی تعاون اور تجارت سے متعلق امور زیر بحث آئے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی کے مطابق بات چیت میں زیادہ توجہ پاکستان اور ایران کے مابین کشیدگی کو منظم طریقے سے کم کرنے پر مرکوز رہی۔ دوسری جانب امریکہ اور ایران کے درمیان جاری تناؤ کے تناظر میں اس دورے کو اہم قرار دیا جارہا ہے۔ ایران کی جانب سے امریکہ کو خبردار کیا گیا ہے کہ کسی بھی ممکنہ امریکی جارحیت کی صورت میں ایران کا ردعمل ماضی کے مقابلے میں کہیں زیادہ شدید ہوگا۔

تجزیہ بی این پی

تجزیہ بی این پی کے مطابق پاکستان کا کردار اس لیے بھی اہم ہے کہ اسلام آباد، تہران اور واشنگٹن کے درمیان بالعموں کو برقرار رکھنے اور کشیدگی میں کمی کے لیے سفارتی کوششیں کر رہا ہے۔ امریکہ اور ایران کے درمیان تصادم کو مذاکرات کے ذریعے ختم کرنے کی کوشش صرف دو ممالک کے مفاد میں نہیں بلکہ پورے خطے اور عالمی برادری کے لیے ضروری ہے۔ پاکستان کے لیے بھی یہ معاملہ غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے، کیونکہ اس کے علاقائی امن، اقتصادی استحکام، توانائی کی ضروریات اور ہمسایہ ممالک کے ساتھ تعلقات پر براہ راست اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ تاہم ثالثی کی کامیابی کے لیے ضروری ہے کہ تمام متعلقہ فریق پاکستان کی کوششوں کو سنجیدگی سے لیں اور اختلافات کے حل کے لیے عملی آمادگی کا مظاہرہ کریں۔

موجودہ عالمی منظر نامہ کا ایک افسوس ناک پہلو یہ ہے کہ مسلم ممالک کے درمیان اختلافات اور باہمی کشیدگی نے مشترکہ مسائل پر توجہ مرکوز کرنے کی صلاحیت کو متاثر کیا ہے۔ فلسطین کا مسئلہ، غزہ میں انسانی المیہ، مسلم آبادیوں کو درپیش مشکلات اور خطے میں پائیدار امن کا قیام ایسے معاملات ہیں جن پر تمام مسلم ممالک کا ایک مؤقف سامنے آنا ضروری ہے۔ اگر او آئی سی اور دیگر علاقائی فورمز اپنی افادیت کو دوبارہ ثابت کرنا چاہتے ہیں تو انہیں اختلافات کو پس پشت ڈال کر مشترکہ مفادات پر توجہ دینا ہوگی۔

پاکستان کی ثالثی کی کوشش اس سوچ کی عکاس ہے کہ مسلم دنیا کے مسائل کا حل بیرونی مداخلت میں نہیں بلکہ خود مسلم ممالک کے درمیان مکالمے اور افہام و تفہیم میں ہے۔ اگر مسلم ممالک اپنے اختلافات کو کم کرنے کی سنجیدہ کوشش کریں تو نہ صرف خطے میں امن قائم ہو سکتا ہے بلکہ عالمی سطح پر مسلم دنیا کا اثر و رسوخ بھی بڑھ سکتا ہے۔ موجودہ حالات میں یہ ثالثی صرف ایک سفارتی سرگرمی نہیں بلکہ امت کے اجتماعی مفاد کی سمت ایک اہم قدم ہے۔

شکاگو میں سیرت طیبہ کانفرنس، امیر عبدالقدیر اعوان کا خطاب

نبی کریم ﷺ کی تعلیمات پر عمل اور قرآن و سیرت سے تعلق مضبوط بنانے پر زور

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) رسول اکرم ﷺ کی ذات مبارکہ اور حیات طیبہ ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کے لیے کامل نمونہ ہے۔ آپ ﷺ کی سیرت ذاتی کردار، خاندانی تعلقات، پیشہ ورانہ ذمہ داریوں اور معاشرتی معاملات میں رہنمائی فراہم کرتی ہے۔ انہوں نے ان امر پر زور دیا کہ قرآن کریم کے پیغام کو سمجھنے کے ساتھ ساتھ اس کی تعلیمات پر عمل کرنا بھی ضروری ہے کیونکہ یہی کریم ﷺ نے اپنی



امیر عبدالقدیر اعوان شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ شکاگو کی مجلس فیصل آباد پاکستان اور نیشنل ہیلتھ کے اشتراک سے سیرت طیبہ ﷺ کانفرنس سے خطاب۔

جیکب آباد میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں تیز کرنے کا حکم

ایس ایس پی ایفان علی کی زیر صدارت کرائم میٹنگ، چوری کی وارداتوں کی روک تھام اور مطلوب ملزمان کی گرفتاری جلد بنانے کی ہدایت

جیکب آباد (این این آئی) ایس ایس پی جیکب آباد ایفان علی کی زیر صدارت ضلع بھر میں امن و امان کی صورتحال، جرائم کی روک تھام اور مطلوب ملزمان کی گرفتاری سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ایس ایس پی نے افسران کو ہدایت کی کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا تفریق کارروائیاں تیز کی جائیں اور مطلوب ملزمان کی گرفتاری جلد بنائی جائے۔ انہوں نے ضلع بھر میں جاری ناکہ بندیوں کو مؤثر بنانے اور گشت میں مزید اضافے کی بھی ہدایت کی۔ گزشتہ شب اور دنوں سب ڈویژنز کے تمام تھانوں کی حدود میں ناکہ بندیوں کے دوران 1 ملزم کو گرفتار کیا گیا جبکہ 2 مقدمات درج کیے گئے۔ ایس ایس پی نے ضلع بھر میں ناکہ بندیوں کو مؤثر بنانے اور گشت میں مزید اضافے کی بھی ہدایت کی۔ گزشتہ شب اور دنوں سب ڈویژنز کے تمام تھانوں کی حدود میں ناکہ بندیوں کے دوران 1 ملزم کو گرفتار کیا گیا جبکہ 2 مقدمات درج کیے گئے۔

علامہ عبدالرشید غازی کا 15 نومبر کو اہلحدیث کانفرنس میں بھرپور شرکت کا اعلان

بیدار پاکستان لاہور میں تحفظ حرمین شریفین اور استحکام پاکستان کانفرنس، غازی اسلام پر زور دیں گے

لاہور (سٹاف رپورٹر) ناظم اعلیٰ مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان علامہ عبدالرشید غازی اور خلیفہ محمود اعظم آباد کی ذمہ داران سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے معاشی و معاشرتی اور سیاسی و دعاوی مسائل کا حل قرآن و سنت کے مطابق اور پیشوہ اسلامی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے میں پوشیدہ ہے۔ 15 نومبر کو بیدار پاکستان لاہور میں منعقد ہونے والی آل پاکستان اہلحدیث کانفرنس بسلسلہ تحفظ حرمین شریفین و استحکام پاکستان میں شرکت کے لیے لاکھ بھرے ہوئے لاکھوں سرفروشان اسلام شرکت کرے گے۔ آل پاکستان اہلحدیث کانفرنس تحفظ حرمین شریفین کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 50)



بگرین کے کاروبار، باکریں کے درمیان قیدیوں کے تبادلے کے لیے متحدہ عرب امارات کی ثالثی کی کامیابی کا خیر مقدم

منامہ (این این آئی) بحرین کے روس اور کوریں کے درمیان 540 قیدیوں کے تبادلے کے لیے متحدہ عرب امارات کی کامیاب ثالثی کو سراہتے ہوئے اسے کشیدگی میں کمی اور کوریں، بحرین کے پرامن حل کی جانب ایک مثبت انسانی اقدام قرار دیا ہے۔ امارتی خبر ایجنسی کے مطابق بحرین کی وزارت خارجہ نے قیدیوں کے اس تبادلے کو ایک مثبت اور تعمیری انسانی اقدام قرار دیا، جو کشیدگی میں کمی کی کوششوں میں معاونت اور کوریں، بحرین (باقی صفحہ اندرونی نمبر 49)

بیگم نصرت بھٹو جمہوری جدوجہد اور آمریت کے خلاف مزاحمت کی علامت تھیں، مقررین

ہیلپنگ ہینڈز ویلفیئر ٹرسٹ فیصل آباد میں 15 ویں برسی کے تقریب، قربانیوں اور جمہوری خدمات کو خراج عقیدت

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) بیگم نصرت بھٹو کو اپنی جدوجہد مسلسل اور زندگی کے تعاقب و فراز کی وجہ سے ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، آئین لیڈی آف پاکستان کہا جائے تو بھی بجا ہوگا اور جمہوریت کے خطاب سے نوازا گیا۔ ان کی یہ مثال قربانیوں، بہتر واستقامت جدوجہد مسلسل صبر و برداشت کا عظیم الدبل نمبر ہوسکتی۔ نصرت بھٹو کی زندگی میں سکھنے اور دیکھنے بہت تکفر آتے ہیں۔ ان کے شوہر سابق وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کو 51 سال کی عمر میں 1979 کو فوجی صدر ضیاالحق کے دور میں پھانسی ہوئی۔ کوئی اعزاز بھی ان کے صبر و استقامت جدوجہد مسلسل اور عوامی خدمات کا عشر عشیر بھی نہیں ہیں وہ دور

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب لہٰذا
تحصیلدار صاحب اے اے ڈی ایل آر
رجسٹر تحصیل جھنگ
تصدیق اشتمال وارفت موضع عالی والا
ضلع جھنگ ہرگاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ
متوفی نسیم اختر دختر اللہ دتہ کے
وارثان میں دولت بی بی، اللہ دتہ والدین
پہلے فوتشدہ نسیم اختر خاوند پہلے فوتشدہ عنصر
عباس پسر کنوارہ پہلے فوتشدہ ریاقت علی پسر
زندہ دراثت علی پسر کنوارہ پہلے فوتشدہ رضیہ
بی بی دختر زندہ ہے کوئی دیگر وارث
ہوا/ندہ 7 یوم پیش بعدالت ہوں ورنہ اشتمال
تصدیق کردیا جائے گا

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب لہٰذا
تحصیلدار صاحب اے اے ڈی ایل آر
رجسٹر تحصیل جھنگ
تصدیق اشتمال وارفت موضع عالی والا
ضلع جھنگ ہرگاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ
متوفی نسیم اختر دختر اللہ دتہ کے
وارثان میں دولت بی بی، اللہ دتہ والدین
پہلے فوتشدہ نسیم اختر خاوند پہلے فوتشدہ عنصر
عباس پسر کنوارہ پہلے فوتشدہ ریاقت علی پسر
زندہ دراثت علی پسر کنوارہ پہلے فوتشدہ رضیہ
بی بی دختر زندہ ہے کوئی دیگر وارث
ہوا/ندہ 7 یوم پیش بعدالت ہوں ورنہ اشتمال
تصدیق کردیا جائے گا

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب لہٰذا
تحصیلدار صاحب اے اے ڈی ایل آر
رجسٹر تحصیل جھنگ
تصدیق اشتمال وارفت موضع عالی والا
ضلع جھنگ ہرگاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ
متوفی نسیم اختر دختر اللہ دتہ کے
وارثان میں دولت بی بی، اللہ دتہ والدین
پہلے فوتشدہ نسیم اختر خاوند پہلے فوتشدہ عنصر
عباس پسر کنوارہ پہلے فوتشدہ ریاقت علی پسر
زندہ دراثت علی پسر کنوارہ پہلے فوتشدہ رضیہ
بی بی دختر زندہ ہے کوئی دیگر وارث
ہوا/ندہ 7 یوم پیش بعدالت ہوں ورنہ اشتمال
تصدیق کردیا جائے گا

اشتہار نیلامی برائے کینٹین

تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال چک جھمرہ میں کینٹین کے ٹھیکہ کی نیلامی برائے مالی سال 27-2026 مورخہ 11-10-2026 بروز اتوار بوقت 11 بجے ایم ایس دفتر میں ہوگی۔ اگر کسی وجہ سے نیلامی نہ ہوسکی تو مورخہ 12-10-2026 کو دن 11 بجے ایم ایس دفتر میں ہوگی۔

نمبر شمار	تفصیل	تاریخ /وقت نیلامی	ضمانتی رقم (سی ڈی آر)
1	نیلامی ٹھیکہ کینٹین	10-11-2026 11:00 AM	100000/- روپے

بولی دہندہ کو درج ذیل کاغذات جمع کروانے ہوں گے۔ بصورت دیگر بولی دینے کا اہل نہ ہوگا۔

شرائط

اصل شناختی کارڈ کا حامل شخص ہی پرچی کٹوا کر بولی میں حصہ لے سکتا ہے جس کی فیس ایک ہزار روپے ناقابل واپسی ہوگی۔

اور بولی دہندہ اپنے ساتھ کسی ہی شخص کو بولی میں نہیں بٹھا سکتا۔

بولی دہندہ ایف بی آر سے رجسٹرڈ ہو اور این ٹی این ایکٹو ہو (ثبوت پیش کریں)۔

بولی دہندہ کا تصدیق شدہ حلف نامہ مبلغ 100 روپے کے اشٹام پیپر پر ہوگا۔ کم بولی دہندہ کے ذمے کسی سرکاری دفتر کے بقایا جات واجب الادا یا بلیک لسٹ نہیں ہے۔

بولی دہندہ کو بولی لگانے سے پہلے سی ڈی آر/ بینک ڈرافٹ/ کال ڈپازٹ مبلغ ۱ لاکھ روپے بنام میڈیکل سپرنٹینڈنٹ ٹی ایچ کیو ہسپتال چک جھمرہ ضلع فیصل آباد جمع کروانا ہوگا۔ جو ناکام بولی دہندہ کو اس وقت واپس نہ ہوگی جب تک نیلامی کا فیصلہ نہ ہوجائے۔

بولی دہندہ اپنے اصل شناختی کارڈ کے ساتھ ہی نیلامی میں بیٹھ سکتا ہے۔ بولی دہندہ کے نمائندہ کی صورت میں اصل اتھارٹی لیٹر بمع شناختی کارڈ کی کاپی جمع کروانی ہوگی۔

اجمی شیڈول رکھنے والے ٹھیکیداران جو کہ ڈسٹرکٹ گورنمنٹ فیصل آباد سے تجدید شدہ انلیسٹمنٹ سرٹیفکیٹ برائے سال 2026 تا 2027 رکھتے ہوں ان کو ہی بولی میں حصہ لینے کی اجازت ہوگی۔

مکمل / مزید شرائط و ضوابط بولی کے موقع پر پڑھ کر سنا دیے جائیں گے جو کہ لاگو ہوں گے۔

بولی کی ریزرو قیمت دولاکھ پچھتربزار روپے ہوگی اور بولی اس رقم سے اوپر شروع ہوگی۔ اور فی بولی دس ہزار روپے کا اضافہ ہوگا۔

ٹھیکہ ایک سال کے لئے ہوگا۔ جس کا اختتام 30 جون 2027 کو ہوگا۔

میڈیکل سپرنٹینڈنٹ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال چک جھمرہ ضلع فیصل آباد فون نمبر 2-

IPL-11269

041-9330801

Scanned with CamScanner

اتوار 25 اکتوبر 2026ء/13 جمادی الاول 1448ھ/ قیمت 10 روپے

بقیہ نمبر 1

24.71 ارب روپے مختص

قیمت 30 لاکھ روپے ہے۔ حکومت مجگی انتظامات کرے گی۔ اس کے علاوہ 25 مئی کو ضلع بھر میں 24.71 ارب روپے مختص

ٹاکنڈ ڈان اسمبلی کے لیے تیار کر رہی ہے۔ پلانٹ میں 403,000 مرغ فٹ سے زیادہ کورڈ امیبس ہے اور سالانہ 25,000 گاڑیاں ایسمبل کرنے کی صلاحیت ہے۔ بیٹ دے کا ہوف ہے کہ اگلے سال تک مقامی طور پر اسمبل شدہ کیوی گاڑیاں سڑکوں پر ہوں گی۔ ملکیت کے حوالے سے بیٹ دے نے ملک کیو انڈسٹریز کے ورک، گاڑی کے لیے 6 سال 150,000 کلومیٹر کی وارنٹی اور بیٹری اور موٹر کے لیے 8 سال کی وارنٹی، آن لائن بکنگ، بے پی ایل کے ذریعے ادائیگی اور بیٹ دے ریٹیل ماڈل ٹیکنالوجیز کے ذریعے ملک گیر ای وی چارجنگ نیٹ ورک کے منصوبوں کا اعلان کیا ہے۔ بیٹ دے بیسٹ اس وقت 115 یونٹ کی کیپسٹی سولر صلاحیت چلا رہا ہے۔ بیان کے مطابق فیجیوں، بنگ کی تاریخوں اور حتمی تفصیلات کا اعلان آفیشل ہینڈل کے ذریعے کیا جائے گا۔ پاکستان میں کاروں کی فروخت میں اس سال 26-2027 کی پہلی سہ ماہی میں سال بہ سال 43 فیصد اضافہ ہوا جس کی وجہ تجویز کاروں نے بہتر ہوتے میکرو اکنامک ماحول، ڈیمانڈ میں دبی گاڑیوں کی طلب کو بتایا۔ بیلاسٹ دے کے بقول سہ 1976 ماہی میں ایک ریکارڈ برتر کے طور پر رجسٹرڈ گاڑیوں کی تعداد 63,000 روپے ہے بڑھ کر 18.65 روپے ہو گئی۔ اب یہ ہول سیل، بیسٹ، بینکنگ، ہوگئی۔ اب یہ ہول سیل، بیسٹ، بینکنگ، شامل تجدید توانائی اور دیگر شعبوں میں 63,000 روپے ہو گئی۔ زراعت افراد کو ملازمت دینے جس کی سالانہ آمدنی 7.9 بلین ڈالر ہے۔

بقیہ نمبر 2

7.9 بلین ڈالر

بقیہ نمبر 3

74 لاکھ روپے

بقیہ نمبر 4

132,787

بقیہ نمبر 5

403,000

بقیہ نمبر 6

25,000

بقیہ نمبر 7

115

بقیہ نمبر 8

1976

بقیہ نمبر 9

43

بقیہ نمبر 10

18.65

بقیہ نمبر 11

7.9

بقیہ نمبر 12

74

بقیہ نمبر 13

132,787

بقیہ نمبر 14

403,000

بقیہ نمبر 15

25,000

بقیہ نمبر 16

115

بقیہ نمبر 17

1976

بقیہ نمبر 18

43

بقیہ نمبر 19

18.65

بقیہ نمبر 20

7.9

بقیہ نمبر 21

74

بقیہ نمبر 22

132,787

بقیہ نمبر 23

403,000

بقیہ نمبر 24

25,000

بقیہ نمبر 25

115

بقیہ نمبر 26

1976

بقیہ نمبر 27

43

بقیہ نمبر 28

18.65

بقیہ نمبر 29

7.9

بقیہ نمبر 30

74

بقیہ نمبر 31

132,787

بقیہ نمبر 32

403,000

بقیہ نمبر 33

25,000

بقیہ نمبر 34

115

بقیہ نمبر 35

1976

بقیہ نمبر 36

43

بقیہ نمبر 37

18.65

بقیہ نمبر 38

7.9

بقیہ نمبر 39

74

بقیہ نمبر 40

132,787

بقیہ نمبر 41

403,000

بقیہ نمبر 42

25,000

بقیہ نمبر 43

115

بقیہ نمبر 44

1976

بقیہ نمبر 45

43

بقیہ نمبر 46

18.65

بقیہ نمبر 47

7.9

بقیہ نمبر 48

74

بقیہ نمبر 49

132,787

بقیہ نمبر 50

403,000

بقیہ نمبر 51

25,000

گورنر راج کا مقصد صوبے سے دہشتگردی کا خاتمہ ہے شاہد بیگ، محمد علی بخاری

کے پی میں گورنر راج کے سیاسی مقاصد نہیں، مقصد صوبہ میں امن کی بحالی اور بڑھتی ہوئی دہشتگردی کا تدارک ہے

مسلم لیگ ن نے ہمیشہ آئین اور جمہوری اقدار کی پاسداری کی، تحریک انصاف کو بار بار مذاکرات کی میز پر بٹھانے کی پیش کش کی گئی



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) سٹی کے سابق جنرل سیکرٹری شاہد محمود بیگ اور ممبر سنٹرل کونسل سید محمد علی بخاری نے کہا ہے کہ کوئی غلط فہمی میں نہ رہے، مسلم لیگ (ن) کی حکومت کے خیبر پختونخوا میں گورنر راج لگانے کے کوئی سیاسی مقاصد نہیں اس اقدام کا واحد مقصد صوبے میں امن کی بحالی اور بڑھتی ہوئی خونریزی و دہشت گردی کا تدارک ہے اپنے مشترکہ بیان میں دونوں لیگی رہنماؤں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ آئین اور جمہوری اقدار کی پاسداری کی، موجودہ صورتحال کے تدارک کیلئے تحریک انصاف کو بار بار مذاکرات کی میز پر بٹھانے کی پیش کش کی گئی لیکن ہماری کسی بھی مخلصانہ پیشکش کا مثبت جواب نہیں ملا، صوبے کی بگڑتی ہوئی صورت حال کے تناظر میں حکومت کیلئے آئینی راستہ اختیار کرتے ہوئے گورنر راج کا نفاذ ناگزیر تھا۔انہوں نے کہا کہ حکومت اب بھی یہ معاملات (باقی صفحہ اندرونی نمبر 29)

کمشنر عمران حامد شیخ کی میٹرو بس روٹ پر بجلی کے پولز فوری منتقل کرنے کی ہدایت

میٹرو بس منصوبے کے 800 سے زائد درخت تین مقامات پر منتقل کرکے محفوظ بنائے جا رہے ہیں



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ نے جھنگ روڈ پر میٹرو بس پراجیکٹ کے روٹ کا دورہ کیا اور چناب چوک جھنگ روڈ سے ملکھری بازار راجباہ روڈ تک روٹ سے فیسکو کے پولز کی تیزی سے منتقلی کی ہدایت کی۔انہوں نے فیسکو افسران سے کہا کہ وہ طے شدہ شیڈول کے مطابق بجلی کے پولز کی شفٹنگ کا عمل مکمل کریں تاکہ میٹرو بس پراجیکٹ کا تعمیراتی عمل بلاتعطل جاری رہے۔انہوں نے کہا کہ یوٹیلٹی سروسز کی منتقلی کے لئے وضع کردہ ٹائم لائنز کے مطابق عملدرآمد جاری ہے۔کمشنر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 28)

میاں ظفر اقبال کی انتخابی مہم سے ایس ایم تنویر کی ایف پی سی سی آئی صدارت کیلئے پوزیشن مضبوط

فیصل آباد چیمبر کی تقریب میں گورنر پنجاب سمیت اہم سیاسی و کاروباری شخصیات کی شرکت، میاں ظفر اقبال کی خدمات کو سراہا گیا

فیصل آباد (پ ر) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری FPCCI کے الیکشن میں صدارت کے تاج کے لیے ایس ایم تنویر کے انتخابی مہم معروف تاجر رہنما میاں ظفر اقبال بازی لے گئے ایس ایم تنویر کی جیت یقینی ہوگئی۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان، چیف پیٹرن یو بی جی ایس ایم تنویر، سابق وفاقی وزیر ٹیکسٹائل رانا فاروق سعید بھی میاں ظفر اقبال کی صلاحیتوں کے معترف ان خیالات کا اظہار فیصل آباد چیمبر آف سمال ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹری کے سالانہ تقریب عشائیہ میں گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان، سرپرست اعلیٰ یو بی جی ایس ایم تنویر، سابق وفاقی وزیر رانا فاروق سعید، سابق ایم این اے میاں عبدالمنان، ایم پی اے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 27)

فضل الرحمن کے قومی اداروں کیخلاف بیانات کسی صورت قبول نہیں ہدایت انصاری

خیبر پختونخواہ میں گورنر راج کے نفاذ اور ہنگامی اقدامات کے مثبت نتائج سامنے آنا شروع ہوگئے ہیں

صوبے میں گورننس کی بہتری اور حکومتی اقدامات کی واضح سمت بھی نظر آ رہی ہے، پاک فوج ہماری ریڈ لائن ہے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) سابق سی سی چیئرمین ورہنما پاکستان مسلم لیگ ن حاجی ہدایت علی انصاری نے کہا ہے کہ خیبر پختونخواہ میں گورنر راج کے نفاذ اور ہنگامی اقدامات کے مثبت نتائج سامنے آنا شروع ہوگئے ہیں، صوبے میں گورننس کی بہتری اور حکومتی اقدامات کی واضح سمت بھی نظر آ رہی ہے، پاک فوج ہماری ریڈ لائن ہے اور مولانا فضل الرحمان کی جانب سے افواج پاکستان پر حالیہ تنقید سمجھ سے بالاتر ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 13 سال سے جاری ناکامیوں اور دہشتگردی کی سہولت کاری کے اثرات محض 13 ماہ میں ختم نہیں کیے جاسکتے، اس لیے نئے نظام کو اپنی کارکردگی دکھانے کے لیے مناسب وقت دینا ہوگا۔ایک ایسے وقت میں جب پوری دنیا پاکستان کی مسلح افواج کی دفاعی کامیابیوں کو سراہ رہی ہے، اس نوعیت کی تنقید کا کوئی جواز نہیں بنتا۔مولانا فضل الرحمان خود خیبر پختونخواہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 23)



فیصل آباد۔ڈپٹی کمشنر محمد نعمان صدیق ون ونڈو تحصیل پروگرام پر عملدرآمد کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

آپریشن کو متنازع بنانا شہدا کی قربانیوں سے ناانصافی ہے

وزیر مملکت حذیفہ رحمان کا مولانا فضل الرحمان کے معدنیات سے متعلق بیانات کا جواب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت اور معاون خصوصی حذیفہ رحمان نے مولانا فضل الرحمان کے خیبر پختونخوا کے حالات اور معدنیات سے متعلق بیانات کا جواب دے دیا۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان نے دہشت گردی کے خلاف آپریشن کو معدنیات کی جنگ بنا دیا، آپریشن کو متنازع بنانا شہدا کی قربانیوں سے ناانصافی ہے۔حذیفہ نے کہا کہ فضل الرحمان نے پی ڈی ایم میں جدوجہد کی پوری قیمت وصول کی۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ کوئی بھی شخص ریاست سے بڑا نہیں اور سیاسی مقاصد کے لیے شہدا کی قربانیوں یا دہشتگردی کے خلاف کارروائیوں کو متنازع بنانے کی کوشش افسوسناک ہے۔



فیصل آباد۔کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ میٹرو بس پراجیکٹ روٹ کا دورہ کرکے بجلی کے پولز کی منتقلی کے لئے ہدایات جاری کر رہے ہیں

خیبر پختونخوا کے 12 اضلاع کے مالی معاملات صوبائی حکومت سے لے کر وفاق کو دینے کا فیصلہ، محکمہ خزانہ اور منصوبہ بندی کو پیپر ورک مکمل کرنے کی ہدایت

پشاور (این این آئی) وفاق کے زیر انتظام جانے والے خیبر پختونخوا کے 12 اضلاع کے مالی معاملات اور ترقیاتی منصوبوں کو صوبائی دائرہ اختیار سے الگ کرنے کا فیصلہ کیا جا رہا ہے، محکمہ خزانہ اور محکمہ منصوبہ بندی کو اس حوالے سے پیپر ورک مکمل کرنے کی ہدایت کردی گئی۔

زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کا جدید زرعی ٹیکنالوجی اور تحقیق کے فروغ پر زور

وی سی ڈاکٹر ذوالفقار علی کی کاشتکاروں کی تربیت، صنعتی تعاون اور غذائی تحفظ کیلئے مربوط حکمت عملی کی تجویز

فیصل آباد (آن لائن) زرعی پیداوار میں اضافے اور غذائی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے سائنسی تحقیق کو کاشتکاروں کی ضروریات سے ہم آہنگ کرتے، زرعی صنعت کو مضبوط بنانے اور جدید زرعی اختراعات کی راہ میں حائل رکاوٹیں دور کرنا ناگزیر ہے۔ ان خیالات کا اظہار زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے وائس چانسلر ڈاکٹر ذوالفقار علی نے کراپ لائف پاکستان کے وفد سے ملاقات کے دوران کیا۔کراپ لائف پاکستان کے وفد میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر رشید احمد، ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن احمد علی، سینئر وائس چیئرمین طلال حکیم اور رکن عرفان الحق شامل تھے جبکہ اس موقع پر زرعی یونیورسٹی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 24)



فیصل آباد۔ ... (caption illegible)

فیصل آباد، مرحومین کے ایصال ثواب اور درجات کی بلندی کے لیے دعائیہ تقریب

مرحومین نہایت نیک سیرت اور ملنسار شخصیات تھے

فیصل آباد (پ ر) صاحبزادہ سید نصر من اللہ کے والد محترم سید ڈاکٹر پیر رشید احمد شاہ مرحوم اور وحید خان کی والدہ محترمہ مرحومہ کے درجات کی بلندی اور مغفرت کے لیے دعا کی گئی۔اس موقع پر علامہ مولانا پیر محمد عطاء المصطفیٰ رضوی نے مرحومین کے لیے خصوصی دعا فرمائی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کی قبروں کو نور سے منور فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔اس پرنور محفل میں سید لال شاہ، حاجی خلیفہ محمد عمر فاروق قادری چشتی، محمد سلیمان، پرویز اختر سمیت دیگر احباب بھی موجود تھے۔شرکاء نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 30)

ٹریکنگ آئی ڈی گم ہوگئی یا یاد ذہن سے نکل گئی تو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں، نادرا نے شناختی کارڈ کا اسٹیٹس معلوم کرنے کا آسان طریقہ بتادیا

اسلام آباد (این این آئی) ٹریکنگ آئی ڈی گم ہوگئی یا یاد ذہن سے نکل گئی تو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں، نادرا نے شناختی کارڈ کا اسٹیٹس معلوم کرنے کا آسان طریقہ بتا دیا۔نادرا پوڈکاسٹ میں ایک شہری نے سوال کیا کہ اگر ٹریکنگ آئی ڈی جس کا ٹوکن گم ہوجائے یا مٹ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 31)

فیسکو کی ہیلپ لائن 118 پر تمبر میں 2 لاکھ 75 ہزار سے زائد شکایات موصول

فیسکو حکام کے مطابق 2 لاکھ 74 ہزار 990 شکایات حل، صارفین کو فوری ریلیف دینے کے اقدامات جاری

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی ہدایات پر صارفین کی شکایات کے بروقت ازالے اور کسٹمر سروسز کے معیار میں بہتری کے لیے اقدامات جاری ہیں۔جنرل منیجر کسٹمر کیئر اینڈ سروسز فیسکو میڈم صدف ناز اور چیف انجینئر کسٹمر سروسز محمد سعید کی زیر نگرانی ہیلپ لائن 118 پر موصول ہونے والی شکایات کی متعلقہ دفاتر تک فوری ترسیل، مسلسل پیروی اور ان کے حل کی موثر نگرانی کی جا رہی ہے تاکہ صارفین بجلی کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔اس سلسلے میں جنرل منیجر کسٹمر کیئر اینڈ سروسز میڈم صدف ناز نے کہا کہ صارفین کا اعتماد فیسکو (باقی صفحہ اندرونی نمبر 32)

اسحاق ڈار کی سعودی وزیر خارجہ سے ملاقات، اسٹریٹجک شراکت داری مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے استنبول میں سعودی وزیر خارجہ فیصل بن فرحان سے ملاقات کی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان اور سعودی عرب نے اسٹریٹجک (باقی صفحہ اندرونی نمبر 33)

بی او اے کا 11 واں اجلاس، کراچی انڈسٹریل پارک کو وفاقی خصوصی اقتصادی زون قرار دینے کی منظوری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب کی زیر صدارت خصوصی اقتصادی زونز کے بورڈ آف اپروولز (بی او اے) کے 11 ویں اجلاس میں صنعتی سرمایہ کاری کے فروغ، بنیادی ڈھانچے کی فراہمی بہتر بنانے اور صنعتی اراضی کے موثر استعمال کے لیے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 26)

مسلمان قرآن کریم سے اپنا مضبوط رشتہ جوڑ کر دائمی کامیابیاں حاصل کر سکتے ہیں

تاریخ انسانیت میں تمام مخلوقات کو سب سے زیادہ تحفظ اسلام نے دیا، آصف قادری

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) مسلمان قرآن کریم سے اپنا مضبوط رشتہ جوڑ کر دائمی کامیابیاں حاصل کر سکتے ہیں۔ تاریخ انسانیت میں تمام مخلوقات کو سب سے زیادہ تحفظ اسلام نے دیا۔اسلام نے معاشرتی امن و امان کو بنیادی ضرورت قرار دیا ہے۔ان خیالات کا اظہار خلیفہ مجاز آستانہ عالیہ محدث اعظم پاکستان پروفیسر پیر میاں محمد آصف رضا قادری اور سید ابرار الحسن شاہ زیدی و دیگر مقررین نے آستانہ عالیہ اجمیریہ چشتیہ صابریہ پیر جمال الدین چشتی قادری رحمتہ اللہ علیہ ڈرائی پورٹ سٹی میں منعقدہ ماہانہ محفل گیارہویں شریف میں شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 25)

سردار عامر حیات سندھو نے کا مہنگائی اور ایل پی جی قیمتوں میں اضافے پر اظہار تشویش

بیگم نصرت بھٹو کی جمہوری خدمات کو خراج تحسین، معاشی بحران پر قابو پانے پر زور



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے ٹکٹ ہولڈر پی پی 109 سردار عامر حیات سندھو نے کہا ہے کہ غریب آدمی ایل پی جی گیس کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے گھریلو صارفین کے ہوش اڑا کر رکھ دیے ہیں بجلی و گیس کے بلوں سے بڑا پریشان ہے پیپلز پارٹی بیگم نصرت بھٹو کی شاندار جمہوری خدمت کو سلام پیش کرتی ہے بھٹو خاندان نے ملک میں ٹکراؤ کی روش اپنانے کی بجائے برداشت کے کلچر کو عام کیا ضیائی آمریت (باقی صفحہ اندرونی نمبر 34)

ڈاکٹر ارشاد کمبوہ کا بیگم نصرت بھٹو کی جمہوری خدمات کو خراج عقیدت

بیگم نصرت بھٹو کی آمریت کے خلاف جدوجہد جمہوریت پسندوں کیلئے روشن مثال ہے



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی یورپ کے مرکزی صدر ڈاکٹر ارشاد کمبوہ نے کہا کہ بیگم نصرت بھٹو نے جمہوریت کی بقا اور بدنام زمانہ ڈکٹیٹر جنرل ضیاء کی بدترین آمریت کے خلاف عظیم جمہوری جدوجہد کی ہے جو آج بھی پارٹی کارکنوں اور سیاسی جماعتوں کی خواتین کیلئے ایک روشن مثال ہے ضیائی آمریت کا ڈٹ کر مقابلہ کرنے والی بیگم نصرت بھٹو واقعی عظیم عوامی لیڈر تھیں۔عوامی و جمہوری آئرن لیڈی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 35)

چوہدری ارشد جٹ کا مہنگائی، ایل پی جی قیمتوں میں اضافے اور پاور لومز کی بندش پر اظہار تشویش

حکومت زبانی دعوؤں کے بجائے عوام کو معاشی ریلیف دے، بیگم نصرت بھٹو کی جمہوری خدمات کو خراج تحسین



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے صوبائی نائب صدر چوہدری ارشد جٹ نے کہا کہ بدترین مہنگائی، ایل پی جی گیس کی قیمتوں میں اضافہ اور پاور لومز کی بندش سے معاشی بدحالی میں اضافہ ہو رہا ہے حکومت وقت زبانی کلامی دعوؤں کی بجائے عوام کو معاشی ریلیف دے پاکستان اس وقت معاشی و سیاسی طور پر مشکل حالات سے دوچار ہے عوامی بے بسی کی معاشی صدا کون سنے گا؟۔بیگم نصرت بھٹو نے ڈری نہ گھبرائی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 36)

سدرہ سعید بندیشہ کا پاور لومز کی بندش اور بڑھتی بے روزگاری پر اظہار تشویش

بجلی، گیس اور دھاگے کی قیمتوں میں اضافے سے ٹیکسٹائل انڈسٹری متاثر، حکومت سے معاشی ریلیف کا مطالبہ



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کی ٹکٹ ہولڈر این اے 100 سدرہ سعید بندیشہ نے کہا ہے کہ پاور لومز کی بندش سے جہاں لاکھوں صنعتی مزدور بے روزگاری کے باعث فاقہ کشی پر مجبور ہیں وہیں حکومت کو بھی ریونیو کی مد میں بھاری نقصان ہو رہا ہے۔ بجلی گیس کی قیمتوں میں بے جا اضافے نے ملکی معیشت کا پہیہ جام کر دیا ہے دھاگہ کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ بجلی کی بڑھتی ہوئی قیمتیں، ایکسپورٹ کی بندش جیسے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 37)

سیاسی مسائل کا حل احتجاج کی بجائے پارلیمانی عمل کے ذریعے ممکن، شکور گجر

دہشتگردی کیخلاف متحد ہونے کی ضرورت ہے، حساس معاملات پر سیاسی پوائنٹ سکورنگ کی بجائے سنجیدگی کا مظاہرہ کیا جائے

قومی سلامتی جیسے حساس معاملات پر سیاسی پوائنٹ اسکورنگ کے بجائے اتحاد، یکجہتی اور ذمہ دارانہ طرز عمل کا مظاہرہ کیا جانا چاہیے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پیپلز پارٹی کے رہنما اور ٹکٹ ہولڈر پی پی 114 کے ٹکٹ ہولڈر چوہدری شکور گجر نے کہا ہے کہ پاکستان کو دہشت گردی کے خلاف متحد ہونے کی ضرورت ہے ایسے نازک وقت میں مولانا فضل الرحمن کو چاہیے کہ وہ پاک فوج کے خلاف اشتعال انگیز بیانات سے گریز کریں۔ خیبر پختونخواہ میں پی ٹی آئی کی حکومت کو انسداد دہشت گردی کی پالیسی پر اختلافات کا سامنا رہا، تاہم سیاسی اختلافات کو قومی سلامتی پر اثر انداز نہیں ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج ملک میں امن و استحکام کے لیے بے شمار قربانیاں دے رہی ہے، جن کا احترام ہم سب کی قومی ذمہ داری ہے۔قومی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 45)

روٹری کلب آف لائلپور کے اجلاس میں مصنوعی ذہانت کے فوائد و نقصانات پر گفتگو

فراز راشد نے نوجوانوں کو اے آئی کے استعمال اور ممکنہ نقصانات سے متعلق آگاہی فراہم کی

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) روٹری کلب آف لائلپور کا (4) اجلاس بابا ٹکہ شاپ ریسٹورنٹ میں زیر صدارت روٹرین جنید محمود بیگ منعقد ہوا۔جس میں سیکرٹری روٹرین سید محمد شرجیل اور خزانچی روٹرین عجیب الرحمان گل بھی شریک تھے۔ مہمان مقرری ای او پروفیسر فراز راشد کی آمد پر انہیں پھولوں کی مالا پہنا کر گلدستہ پیش کیا گیا۔ روٹری کلب آف لائلپور کے اس چوتھے اجلاس میں مصنوعی ذہانت (AI) کے فوائد اور نقصانات کے بارے میں فراز راشد نے تفصیلی گفتگو کی۔انہوں نے نوجوان نسل کے لئے بہت معلومات فراہم کیں۔روٹرین پی پی محمد اسماعیل سہروردی کے سوال پر فراز راشد نے مصنوعی ذہانت (AI) کے نقصانات کے بارے میں کافی معلومات فراہم کی۔

حرمین شریفین کا تحفظ و دفاع ہمارے ایمان کا حصہ ہشام الٰہی

جمعیت اہلحدیث مکہ دفاعی معاہدہ کے حوالے سے ڈی جی آئی ایس پی آر کے بیان کی بھرپور تائید کرتی ہے

دفاع حرمین شریفین کیلئے جمعیت اہلحدیث کے ہزاروں کارکنان اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے کیلئے تیار ہیں

فیصل آباد (پ ر) جمعیت اہلحدیث مکہ دفاعی معاہدہ کے حوالے سے ڈی جی آئی ایس پی آر کے بیان کی بھرپور تائید کرتی ہے ان خیالات کا اظہار جمعیت اہلحدیث پاکستان کے صدر علامہ ہشام الٰہی ظہیر نے معروف سماجی شخصیت چوہدری ذوالفقار علی نت کی قیادت میں جمعیت اہلحدیث فیصل آباد کے وفد سے ملاقات کرتے ہوئے کیا اس موقع پر انہوں نے چوہدری ذوالفقار علی نت کو چیئرمین شعبہ سیاسی امور فیصل آباد کا نوٹیفکیشن بھی جاری کیا علامہ ہشام الٰہی ظہیر نے کہا کہ پاکستان سعودی عرب کے تعلقات محض دو ممالک کے درمیان سفارتی روابط کا نام نہیں بلکہ یہ اخوت اعتقادی مذہبی وابستگی اور (باقی صفحہ اندرونی نمبر 38)

شہر اور گردونواح میں ڈکیتی، چوری اور راہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ جاری

70 سے وارداتوں کے دوران لاکھوں کے زیورات، نقدی، قیمتی سامان اور موبائل فونز چھین لیے

فیصل آباد (آن لائن) شہر اور گردونواح میں ڈکیتی، چوری اور راہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ جاری، 70 سے وارداتوں کے دوران لاکھوں کے زیورات، نقدی، قیمتی سامان اور موبائل فونز چھین لیے، متعدد شہریوں کی موٹر سائیکلیں اور رکشے چور لے اڑے جبکہ اوباش افراد نے سبز باغ دکھا کر 4 خواتین کو اغوا کرلیا۔پولیس نے مغویان کی بازیابی کیلئے ملزمان کی تلاش شروع کردی، تفصیل کے مطابق بٹالہ کالونی کے علاقہ شادی پورہ کے پروین اختر کی بیٹی (ر) گھر سے بازار گئی واپس نہ آئی، چک جھمرہ سے رمضان کی اہلیہ (ن) کو ملزمان عارف وغیرہ، ایئر پورٹ کے علاقہ 66 (باقی صفحہ اندرونی نمبر 44)

اسحاق ڈار کی کانفرنس، جرمنی، اٹلی اور برطانیہ کے وزرائے خارجہ کے پہلے اجلاس میں شرکت، علاقائی چیلنجز کے حل کیلئے سفارتی روابط کو فروغ دینے کی ضرورت پر تبادلہ خیال

استنبول (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے استنبول میں آر فور ممالک (ترکیہ، سعودی عرب اور مصر) کے وزرائے خارجہ کے ساتھ فرانس، جرمنی، اٹلی اور برطانیہ کے وزرائے خارجہ کے پہلے اجلاس میں شرکت کی۔

خواجہ محمد اسلام کا ریڈیو پاکستان فیصل آباد کے پروگرام رابطہ میں اظہار خیال

فیصل آباد کی صنعتی اہمیت اور پنجاب حکومت کے ترقیاتی منصوبوں پر گفتگو

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) سابق رکن پنجاب اسمبلی خواجہ محمد اسلام نے ریڈیو پاکستان فیصل آباد کا دورہ کیا۔اسٹیشن ڈائریکٹر تابندہ اقبال اور پروگرام پروڈیوسر عمران حسن موجود تھے۔خواجہ محمد اسلام نے ریڈیو پاکستان فیصل آباد کے حالات حاضرہ کے پروگرام "رابطہ" میں شرکت کی۔ انہوں نے حکومت پنجاب کے عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں، ملک کی ترقی میں فیصل آباد کی اہمیت اور شہر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی اظہار خیال کیا۔پروگرام کے دوران گفتگو کرتے ہوئے سابق رکن پنجاب اسمبلی نے کہا کہ عوامی فلاح و بہبود کے منصوبے معاشی اور سماجی ترقی کے لئے اہمیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے پنجاب میں جاری ترقیاتی اقدامات کا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 43)



فیصل آباد۔سابق رکن پنجاب اسمبلی خواجہ محمد اسلام ریڈیو پاکستان فیصل آباد کے پروگرام میں گفتگو کر رہے ہیں

گاڑیوں میں اوورلوڈنگ پر جرمانوں اور سزاؤں میں اضافے کی تجاویز سفارشات کیساتھ منظور

اسلام آباد (این این آئی) کابینہ کمیٹی برائے تصفیہ قانون سازی امور نے گاڑیوں میں اوورلوڈنگ پر جرمانوں اور سزاؤں میں اضافے کی تجاویز منظور کرلیں جبکہ پیٹرولیم لیوی، کلائمیٹ سپورٹ لیوی اور کاروباری ضوابط سے متعلق قانونی ترامیم کے مسودوں کی بھی منظوری دے دی گئی۔

خانو آنہ بائی پاس چوک پر بس سے گر کر 17 سالہ طالب علم جاں بحق

جاں بحق طالب علم کی میت پولیس کارروائی کے انتظار میں ہے، پولیس کو اطلاع دے دی گئی

فیصل آباد (آن لائن) خانو آنہ بائی پاس چوک پر بس سے گر کر 17 سالہ طالب علم جاں بحق، تفصیل کے مطابق ستیانہ روڈ پر نو خانو آنہ بائی پاس چوک کے قریب بس پر سوار ہوتے ہوئے طالب علم نیچے گر کر اسی بس کے نیچے آگیا۔حادثے کے نتیجے میں پنجاب کالج کا طالب علم ایان ولد امام دین، سکنہ 71 جی بی، موقع پر جاں بحق ہوگیا۔ریسکیو 1122 کی ٹیم نے جائے حادثہ پر پہنچ کر کارروائی شروع کر دی۔ جاں بحق طالب علم کی میت پولیس کارروائی کے انتظار میں ہے، پولیس کو اطلاع دے دی گئی۔ریسکیو 1122 کی ٹیم نے جائے حادثہ پر پہنچ کر کارروائی شروع کر دی۔جاں بحق (باقی صفحہ اندرونی نمبر 39)

وزیراعلیٰ پنجاب کی انسپکشن ٹیم کے لیے تین کوارڈی نیٹرز کی تقرری

مس مقدس اکبر، میاں سبحان، حسن نواز کی تعیناتی اعزازی بنیادوں پر کی گئی

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے وزیراعلیٰ انسپکشن ٹیم کے لیے تین کوارڈی نیٹرز کی تقرری کی منظوری دے دی۔وزیراعلیٰ آفس کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق مس مقدس اکبر، میاں سبحان اور حسن نواز کو وزیراعلیٰ انسپکشن ٹیم کے امور پر معاون خصوصی کے لیے چیف کوارڈی نیٹرز کی ذمہ داریاں سونپ دیں۔نوٹیفکیشن کے مطابق تینوں تعیناتیاں اعزازی بنیادوں پر کی گئی ہیں۔تعینات ہونے والے افراد انسپکشن ٹیم سے متعلق امور کی انجام دہی میں معاون خصوصی برائے وزیراعلیٰ پنجاب کی بطور کوارڈی نیٹرز معاونت کریں گے۔

این سی سی آئی اے کے گریڈ 18 اور 17 کے 15 افسران کے تقرر و تبادلے کے احکامات جاری

لاہور (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل نیشنل سائبر کرائم انوسٹی گیشن ایجنسی سید علی ناصر رضوی نے گریڈ 18 اور 17 کے 15 افسران کے تقرر و تبادلے کے احکامات جاری کر دیئے۔نوٹیفکیشن کے مطابق گریڈ 18 کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 46)

آر فور ممالک کا سعودی عرب سے اظہار یکجہتی، سعودی خودمختاری، علاقائی سالمیت کی حمایت کا اعادہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان، ترکیہ، سعودی عرب اور مصر پر مشتمل آر فور ممالک نے حوثیوں کے حملے کے خلاف سعودی عرب کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہوئے اس کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی حمایت کا اعادہ کیا۔

فیصل آباد میں 9 سالہ سعد ارسلان انتقال کرگئے، سینکڑوں سوگواروں کی موجودگی میں مدفین

موٹر مارکیٹ کے تاجروں اور کاروباری شخصیات کا اہل خانہ سے اظہار تعزیت، مرحوم کے لیے دعائے مغفرت

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) سیٹھ محمد طفیل کا پوتا میاں محمد افضل آف ٹوپہ والے کا نواسہ کا بیٹا 9 سالہ سعد رضائے الٰہی سے وفات پا گیا سینکڑوں سوگواروں کی موجودگی میں سپرد خاک کر دیا گیا نماز جنازہ میں موٹر مارکیٹ کے تاجروں بڑی تعداد میں شرکت، 9 سعد ارسلان کی اچانک وفات پر تعزیت و گہرے دکھ اظہار، انجمن تاجران موٹر مارکیٹ جھنگ روڈ کے گروپ لیڈر سابق ایگزیکٹو ممبر ایف سی سی آئی سیٹھ محمد طفیل کا پوتا، چیئرمین موٹر مارکیٹ جھنگ روڈ سابق ایگزیکٹو ممبر ایف سی سی آئی میاں محمد افضل آف ٹوپہ والے کا نواسہ اور ارسلان طفیل کا بیٹا 9 سالہ سعد گزشتہ روز (باقی صفحہ اندرونی نمبر 40)

29 لاکھ پاکستانیوں کا بیرون ملک منتقل ہونا لمحہ فکریہ نعیم رضا

اسٹیٹ بینک کے مطابق موجودہ حکومت کے پہلے 16 ماہ میں قرضوں میں 13 ہزار 78 ارب روپے کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا

آئی ایم ایف کے فرمائشی پروگرام پر عمل کرتے ہوئے بجلی گیس پٹرول کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ٹیکسوں کی بھرمار کرکے عوام کی زندگی تنگ کردی گئی ہے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) انجمن تاجران ریل بازار کے رہنما رانا نعیم رضا نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ گزشتہ تین برسوں میں 29 لاکھ پاکستانیوں کا بیرون ملک منتقل ہو جانا کو ملک میں امن اور معاشی ترقی کی دعویدار حکومت کیلئے لمحہ فکریہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پٹرول گیس کوئلہ اور زراعت سمیت قدرتی دولت سے مالا مال اور ایٹمی طاقت کے حامل ملک کے عوام پینے کے صاف پانی صحت تعلیم جیسی بنیادی سہولیات سے محروم اور مٹھی بھر اشرافیہ کے ہاتھوں یرغمال بنے ہوئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ بینک کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق موجودہ حکومت کے پہلے 16 ماہ میں قرضوں میں 13 ہزار 78 ارب روپے کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔44 فیصد لوگ غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزار رہے ہیں، ہر پاکستانی 3 لاکھ 2 ہزار روپے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 47)



فیصل آباد۔ ... (caption illegible)

ملت چوک فیصل آباد میں تیز رفتار کار کی ٹکر سے ایک سالہ بچہ جاں بحق

حادثے کے بعد ڈرائیور گاڑی سمیت فرار، پولیس کی تلاش جاری

فیصل آباد (آن لائن) تھانہ سرگودھا روڈ کے علاقہ ملت چوک کے قریب تیز رفتار کار نے بھکارن کے ایک سالہ بچے کو کچل دیا۔حادثہ کا مرتکب ڈرائیور گاڑی سمیت موقع سے فرار ہو گیا، پولیس نے نعش تحویل میں لیکر ڈرائیور کی تلاش شروع کر دی۔ بتایا جاتا ہے کہ ملت چوک الائیڈ بیکری کے باہر خاتون اپنے ایک سالہ بیٹے ارباز کے ہمراہ بھیک مانگ رہی تھی کہ اچانک تیز رفتار کار نے بچے کو روندتے ہوئے فرار ہوگیا اور مذکورہ بچہ موقع پر ہی زندگی کی بازی ہار گیا۔ پولیس نے نعش تحویل میں لیکر حادثہ کے مرتکب ڈرائیور کی تلاش شروع کر دی۔ بتایا جاتا ہے کہ ملت چوک الائیڈ بیکری کے باہر خاتون اپنے ایک سالہ بیٹے ارباز کے ہمراہ بھیک مانگ رہی تھی کہ اچانک (باقی صفحہ اندرونی نمبر 42)

غریب عوام کو ایل پی جی گیس کی قیمت میں تباہ کن اضافہ ناقابل برداشت ہے

مہنگائی اور بیروزگاری کی چکی میں پس رہے ہیں، حاجی محمد عمران

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) انجمن تاجران چنیوٹ بازار سرکلر روڈ کے صدر حاجی محمد عمران نے کہا ہے کہ غریب عوام کو ایل پی جی گیس کی قیمت میں تباہ کن اضافہ ناقابل برداشت ہے مہنگائی اور بیروزگاری کی چکی میں پس رہے ہیں ملکی مسائل کے حل، ترقی، امن اور خوشحالی کے لئے سیاسی بیداری اور دیانت دار قیادت ضروری ہے، وفاقی اور صوبائی حکومتیں غریبوں کے زخموں پر نمک پاشی کرنے کی بجائے معاشی ریلیف دے محنت کشوں کے گھروں میں فاقوں کا راج قائم ہو چکا ہے 78 سالوں سے وطن عزیز پر قابض کرپٹ حکمرانوں، اشرافیہ، مقتدرہ اور بیوروکریسی نے عام پاکستانی کو ظلم، ناانصافی اور طبقاتی نظام کے بوجھ تلے دبا کر رکھا ہوا ہے۔

پیٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی قیمتوں سے مہنگائی میں اضافہ تشویشناک ایوب مغل

ناکام معاشی پالیسیوں کے باعث انڈسٹری بند ہو رہی ہے جس کی وجہ غریب آدمی کے لیے دو وقت کی روٹی کا حصول ناممکن ہوتا جا رہا ہے

مہنگائی آسمان کو چھو رہی ہے عوام کو ریلیف دینے کیلئے حکومت پیٹرولیم لیوی ختم، بجلی اور روٹی کی قیمتیں کم کرنے کا اعلان کرے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) سابق سینئر نائب صدر چیمبر آف کامرس ایوب مغل نے پیٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی قیمتوں اور مہنگائی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کی نااہلی اور ناکام معاشی پالیسیوں کے باعث انڈسٹری بند ہو رہی ہے، جس کی وجہ غریب آدمی کے لیے دو وقت کی روٹی کا حصول ناممکن ہوتا جا رہا ہے مہنگائی آسمان کو چھو رہی ہے عوام کو ریلیف دینے کیلئے حکومت پیٹرولیم لیوی ختم، بجلی اور روٹی کی قیمتیں کم کرنے کا اعلان کرے انہوں نے کہا کہ عوام بجلی، گیس، پیٹرول، آٹا اور چینی سمیت ہر بنیادی ضرورت کی بڑھتی قیمتوں سے تنگ آ چکے ہیں، لوگ گھروں کے کرائے اور بچوں کی فیسیں ادا کرنے کے قابل نہیں رہے۔انہوں نے کہا کہ عالمی منڈی میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں کم ہونے کے باوجود پاکستان میں عوام کو ریلیف نہیں دیا گیا۔ حکمرانوں نے پیٹرول مہنگا کرکے اور لیوی عائد کرکے عوام کو ذہنی اذیت میں مبتلا کر دیا ہے۔انہوں نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، وزیراعظم میاں شہباز شریف، صدر آصف زرداری سے اپیل کی ہے کہ وہ مہنگائی پر قابو پانے کو اپنی پہلی ترجیح بنائیں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 41)



معروف کاروباری شخصیت محمد توقیر خان کی جنید ادریس کی شادی پر احباب کے ہمراہ یادگاری کلک

Scanned with CamScanner